Dr.Aqueel Ahmad

Dept.of Urdu.

A.P.S.M.College , Barauni

Class:B.A (H) URDU

Paper:(Poetry)

Topic:Marsiya-8

بلبلوں کی وہ صدائیں ،وہ گلوں کی خوشبو
دل کو الجھاتے تھے ،سنبل کے وہ پر خم گیسو

قمریاں کہتی تھیں شمشاد پہ یا ہو یا ہو
فاختہ کی یہ صداسرو پہ تھی ،کو کو کو

وقت تسبیح کا تھا عشق کا دم بھرتے تھے
اپنے معبود کی سب ،حمد وثنا کرتے تھے

آئے سجادۂ طاعت ہپ امام دوجہاں
اس طرف طبل بجا یاں ہوئی لشکر میں اذاں

وہ مصلی کی زباں جن کی حدیث وقرآں
وہ نمازی کہ جو ایماں کے تنِ پاک جاں

زاہد ایسے تھے کہ ممتاز تھے،ابراروں میں
عابد ایسے تھے کہ سجدے کیے تلواروں میں